
بسم الله الرحمن الرحيم



# مطالعۂ قرآنِ حکیم

## برائے طلباء وطالبات

# The ILM Foundation

Excellence Through Education

# Qur’an Program for Students

# THE ILM FOUNDATION (TIF)

**EXCELLENCE THROUGH EDUCATION**

”دی علم فاؤنڈیشن“ ایک فلاحی ادارہ ہے جس کا مقصد پہلی سے بارہویں جماعت کی سطح تک ایسے اسکولوں کو معاون و مؤثر پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے جو اخلاقی اقدار اور صداقت و دیانت کی بہتری کے ساتھ عصری تعلیم فراہم کرنے کے خواہش مند ہیں۔ ہم وابستہ اداروں کو خلوصِ نیت اور جذبۂ خیر خواہی کے ساتھ اس انداز سے معاونت فراہم کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اپنا جداگانہ تشخص برقرار رکھتے ہوئے اپنا تعلیمی و تدریسی نظام مرتب کریں، اس پر عمل درآمد کریں اور اس میں مسلسل بہتری لائیں۔ ان مقاصد کے حصول، عملی اقدامات اور نفاذ کے لئے ہماری حکمتِ عملی تمام وابستہ اداروں کی یکساں شرکت اور باہمی مشاورت پر مبنی ہوگی۔ ان شاءاللہ تعالیٰ۔

دی علم فاؤنڈیشن نے اپنے مقاصد کے حصول کے لئے تین شعبہ جات تشکیل دیئے ہیں

## ۱۔ قرآن پروگرام برائے طلباء وطالبات (QPS)

اس شعبہ نے قرآن حکیم کے مکمل ترجمہ و مختصر تشریح پر مبنی ایک جامع نصاب ”مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات“ کے نام سے ترتیب دیا ہے۔ نصاب کی موثرتدریس کے ضمن میں اساتذہ کی تدریسی معاونت کے لئے ہر حصہ کے ساتھ ”رہنمائے اساتذہ“ کے عنوان سے مفصل تدریسی مواد بھی تیار کیا گیا ہے۔

## ۲۔ سینٹر فار ایجوکیشنل ایکسیلنس (CEE)

یہ شعبہ اساتذہ کو تدریس کے ایسے جدید طریقے اور معیاری تربیت فراہم کرتا ہے جو موجودہ اور اگلی نسلوں کو عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی اقدار سے ہم آہنگ کر سکے۔ اس شعبہ کے تحت اسکولوں کے اساتذہ کے لئے مختلف دورانیہ کی تدریسی ورکشاپس، تربیتی کورسز اور ماسٹر ٹرینر پروگرامز منعقد کیئے جاتے ہیں۔


## ۳۔ تلاوت پروگرام برائے اسکولز (TPS)

یہ شعبہ ناظرہ قرآن مجید مع تجوید کی تعلیم دینے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ جس کے تحت ماہرین کی زیرِ نگرانی اسکولوں میں ضرورت کے مطابق تجوید کے اساتذہ کی فراہمی، نصاب کی تیاری و فراہمی، مختلف دورانیہ کے تربیتی کورسز، ورکشاپس اور نگرانی وجائزہ کی سہولیات وغیرہ شامل ہیں۔

# Qur’an Program for Students



قرآن سب کے لئے




# مطالعۂ قرآنِ حکیم

## برائے طلباء وطالبات

عصری تعلیم کے ساتھ پڑھایا جانے والا قرآن حکیم
کے مکمل ترجمہ، مختصر تشریح، اہم مضامین اور عملی
ہدایات کی تدریس پر مبنی ایک منظم اور مربوط نصاب


**THE ILM FOUNDATION**
3/63, Block-3, D.M.C.H. Society, Karachi-74800, (Pakistan).
Phone : (92-21) 3430 4450-51, Mobile : 0335 3399929

۷



# مطالعۂ قرآنِ حکیم

## برائے طلباء وطالبات

## حصہ ہفتم

THE ILM FOUNDATION

۷

مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات

(حصہ ہفتم)

7

W-1001.07.19

وفاقی وزارتِ تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت حکومتِ پاکستان

اور "اتحادتنظیمات مدارس پاکستان" کے نمائندہ علماء کرام سے منظور شدہ

"مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات" کے اردو میں شائع شُدہ حصے





"مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات" کے سندھی میں شائع شُدہ حصے



"مطالعۂ قرآن حکیم برائے طلباء وطالبات" کے انگریزی میں شائع شُدہ حصے



یہ کتاب رضائے الٰہی کی خاطر بلاہدیہ فراہم کی جاتی ہے۔

# مطالعۂ قرآن حکیم برائے طلباء وطالبات کے مکمل نصاب کی تفصیل بمع قرآنِ حکیم کی اوسطاً تکمیل

### حصہ اوّل (مکی سورتیں) 5%

- سورۃ الفاتحہ، سورۃ الفیل تا سورۃ الناس
- قرآن اور صاحبِ قرآن
- قصہ حضرت آدم علیہ السلام
- قصہ حضرت نوح علیہ السلام
- قصہ حضرت ہود علیہ السلام
- قصہ حضرت صالح علیہ السلام
- قصہ حضرت یونس علیہ السلام
- قصہ حضرت شعیب علیہ السلام

### حصہ دوم (مکی سورتیں) 9%

- صاحبِ قرآن حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- قصہ حضرت ابراہیم علیہ السلام
- قصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام
- سورۃ النباء تا سورۃ الھمزہ

### حصہ سوم (مکی سورتیں) 12%

- صاحبِ قرآن حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- سورۃ یوسف
- سورۃ الزخرف تا سورۃ الجاثیہ
- سورۂ ق تا سورۃ الواقعہ
- سورۃ الملک تا سورۃ المرسلات

### حصہ چہارم (مکی سورتیں) 17%

- قصہ حضرت لوط علیہ السلام
- سورۂ مریم تا سورۃ الحج
- سورۃ الفرقان تا سورۃ السجدۃ
- سورۃ الاحقاف
- سورۂ سبا تا سورۂ ص

### حصہ پنجم (مکی سورتیں) 25%

- سورۃ الانعام تا سورۃ الاعراف
- سورۂ یونس تا سورۃ الکہف (علاوہ سورۂ یوسف)
- سورۃ المومنون
- سورۃ الزمر تا سورۃ الشوریٰ

### حصہ ششم (مدنی سورتیں) 15%

- سورۃ البقرۃ اور سورۃ آلِ عمران
- سورۃ الانفال اور سورۃ التوبہ

### حصہ ہفتم (مدنی سورتیں) 17%

- سورۃ النساء اور سورۃ المائدہ
- سورۃ النور اور سورۃ الاحزاب
- سورۂ محمد تا سورۃ الحجرات
- سورۃ الحدید تا سورۃ التحریم

# طلبہ کی ذہنی سطح، دلچسپی کے لحاظ سے نصاب کی ترتیب اور مواد

"بچوں کی ذہنی سطح اور دلچسپی" کو مدّ نظر رکھتے ہوئے نصاب مرتب کیا گیا ہے۔ چنانچہ "مطالعۂ قرآنِ حکیم برائے طلباء و طالبات" کے حصّہ اوّل میں قرآن اور صاحبِ قرآن کے عنوان سے حضور نبی کریم ﷺ کی حیاتِ طیبہ اور فضائل و کمالات کے حوالہ سے چند بنیادی باتیں، سورۃ الفاتحہ، سورۃ الصّٰفّٰت، آخری دس سورتیں اور چھ رسولوں (حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ہود علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام، حضرت شعیب علیہ السلام اور حضرت یونس علیہ السلام) کے قصّے، حصّہ دوم میں تیسویں پارے کی سورتوں (سُوْرَۃُ النَّبَاِ سے سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃِ) کے ساتھ ساتھ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصّے، حصّہ سوم میں حضرت یوسف علیہ السلام کا قصّہ اور حصّہ چہارم میں حضرت زکریا علیہ السلام، حضرت مریم سَلَامٌ عَلَیْھَا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت لوط علیہ السلام کے قصّوں کے ساتھ مکی سورتیں شامل کی گئی ہیں۔ حصّہ پنجم میں واقعہ معراج، تاریخ بنی اسرائیل، اصحاب سبت، اصحابِ کہف، باغ والے، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام اور ذوالقرنین کے قصّے شامل کیئے گئے ہیں۔ حصّہ ششم اور حصّہ ہفتم میں شامل مدنی سورتوں میں معاشرتی اور سماجی تعلیمات، ریاستی امور، غزواتِ نبوی ﷺ، جہاد اور قتال فی سبیل اللہ اور دیگر اہم موضوعات سے متعلق تفصیلات اور واقعات بیان کیئے جائیں گے۔

# متفقہ تشریحات کا بیان اور مسلکی اختلافات کے بیان سے گریز

۷۰ سے زائد معروف تراجم اور تفاسیر سے استفادہ۔


تدریس سے منسلک علماء کرام، ماہرین تعلیم سے مشاورت۔



# مطالعۂ قرآنِ حکیم

# کی

# نمایاں خصوصیات



# مشکل اصطلاحات اور الفاظ سے اجتناب

## مشکل الفاظ کے معنی

### سورۃ الفاتحہ

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | حوالہ |
|---|---|---|---|
| .1 | افتتاح کرنا | آغاز کرنا، کھولنا، شروع کرنا | صفحہ نمبر ۲۵، پیرا گراف نمبر ا، سطر نمبر ا |
| .2 | استقامت | ثابت قدمی، قدم جمائے کھڑے رہنا، کسی کام کی مداومت، ہمیشگی کے ساتھ جاری رکھنا، ہمیشہ ٹھہرنا | صفحہ نمبر ۲۵، پیرا گراف نمبر ا، سطر نمبر ۴ |
| .3 | بندگی کرنا | غلامی کرنا، محبت کے جذبے ساتھ اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کرنا | صفحہ نمبر ۲۵، پیرا گراف نمبر ا، سطر نمبر ۳ |
| .4 | بندہ | غلام، Slave، بندگی کرنے والا | صفحہ نمبر ۲۵، پیرا گراف نمبر ا، سطر نمبر ۳ |
| .5 | پیروی کرنا | اتباع کرنا، پیچھے چلنا، بات ماننا | صفحہ نمبر ۲۸، علم و عمل کی باتیں نمبر ۸ |

# سورتوں کا شانِ نزول اور تعارف

## سُوۡرَةُ اللّٰهَب

سورۃ اللھب ۱۱۱، کل آیات:۵، کل رکوع:۱

**شانِ نزول اور تعارف:** اس سورت میں نبی کریم ﷺ کے دشمنوں کا انجام بیان ہوا ہے۔انہیں دنیا و آخرت میں ناکامی کی خبر دی گئی ہے۔جب آپ ﷺ کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے علانیہ اسلام کی دعوت دینے کا حکم فرمایا تو آپ ﷺ صفا کے پہاڑ پر تشریف لے گئے۔آپ ﷺ نے اس دَور کے طریقہ کے مطابق لوگوں کو پکار کر جمع فرمایا۔جب لوگ جمع ہوگئے تو آپ ﷺ نے فرمایا"اے لوگو!اگر میں تم سے یہ کہوں کہ اس پہاڑ کے پیچھے ایک فوج ہے جو تم پر حملہ کرنا چاہتی ہے تو کیا تم میری بات کا یقین کروگے؟" لوگوں نے جواب دیا کہ بے شک ہم آپ ﷺ کی بات کا یقین کریں گے کیوں کہ آپ ﷺ سچے ہیں۔تو آپ ﷺ نے فرمایا"لوگو!ایک اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عبادت کرو، میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا رسول ہوں اور تمہیں آخرت کے انجام سے خبردار کرنے آیا ہوں"۔اس پر آپ ﷺ کا سگا چچا ابو لہب ناراض ہو کر بولا کہ اے محمد (ﷺ)!تمہارے ہاتھ ٹوٹ جائیں (معاذاللہ) کیا تم نے ہمیں اس لئے یہاں جمع کیا تھا؟

# قصص القرآن کا بیان

طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق آسان اور دلچسپ انداز کے ساتھ قصص میں معتبر مواد۔

## قصہ حضرت آدم علیہ السلام

### تعارف اور مقام و مرتبہ

حضرت آدم علیہ السلام پہلے انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو مٹی سے پیدا فرمایا۔ پھر آپ علیہ السلام کے جسم میں روح پھونکی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کے لیے آپ علیہ السلام کی بیوی حضرت حوا علیہا السلام کو پیدا فرمایا۔ اس طرح آپ علیہ السلام کے ذریعہ نسل انسانی کا آغاز ہوا۔ یوں حضرت آدم علیہ السلام "ابو البشر" یعنی تمام انسانوں کے والد اور اماں حوا علیہا السلام تمام انسانوں کی ماں کہلائیں۔ آپ علیہ السلام کا لقب "صفی اللہ" بھی ہے جس کا

## سبق نمبر ۱۸: قصہ اصحابِ کہف

### نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہود کے تین سوالات

مکہ میں جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوتِ اسلام پھیلنے لگی تو کفارِ مکہ سخت پریشان اور فکر مند ہوئے۔ کفارِ مکہ نے ایک وفد مدینہ کے قریب آباد یہودیوں کے پاس بھیجا کہ آپ اہل کتاب ہیں آپ لوگ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بارے میں کیا کہتے ہیں اور آپ کی کتابوں میں آخری آنے والے نبی کی کیا علامات بیان ہوئی ہیں؟ یہود نے کہا کہ آپ لوگ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے تین سوالات پوچھیں اگر وہ ان کے جوابات دے دیں تو جان لیں کہ وہ واقعی اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ ۱۔ روح کی حقیقت کیا ہے؟ ۲۔ اصحابِ کہف کون تھے؟ ۳۔ ذوالقرنین کون تھے؟

# نوٹس کے لئے سادہ صفحات

## اہم نکات



# دو رنگوں کا استعمال

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

وَالْعَصْرِ ۝١ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢ اِلَّا الَّذِيْنَ

قسم ہے (تیزی سے گزرتے ہوئے) زمانے کی۔ یقیناً انسان نقصان میں ہے۔ سوائے ان لوگوں کے جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝٣

ایمان لائے اور نیک عمل کیئے اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کی۔ اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت کی۔

# آسان اور بامحاورہ ترجمہ

اِنۡ یَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنۡ هُمۡ اِلَّا یَخۡرُصُوۡنَ ﴿۶۶﴾ (سورۂ یونس، آیت: ۶۶)

دیگر تراجم:

محض ظن کے پیچھے چلتے ہیں اور محض اٹکلیں دوڑا رہے ہیں / اٹکل پچو سے کام لیتے ہیں / قیاسی باتیں / قیاس آرائیاں کر رہے ہیں۔

مطالعۂ قرآن حکیم میں منتخب شدہ ترجمہ:

وہ تو صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور وہ صرف جھوٹا اندازہ لگاتے ہیں۔

# سبق آموز نکات اور عملی ہدایات (آیاتِ قرآنی کے حوالہ جات کے ساتھ)

## علم و عمل کی باتیں

۱۔ فرشتوں سے سجدہ کرا کر اللہ تعالیٰ نے بقیہ مخلوقات پر انسان کی فضیلت کا اظہار فرمایا۔ (سورۃ الاعراف، آیت:۱۱)

۲۔ نافرمانی اور تکبر اللہ تعالیٰ کو ہر گز پسند نہیں ہے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کرنی چاہیئے۔(سورۃ الاعراف، آیات:۱۲،۱۳)

۳۔ اپنی غلطی کو تسلیم نہ کرنا اور دوسروں کو اس کا ذمہ دار ٹھہرانا شیطان کی عادت ہے۔(سورۃ الاعراف، آیت:۱۶)

۴۔ شیطان ہمارا سخت دشمن ہے جو ہم پر مختلف انداز سے حملے کرتا رہتا ہے۔ ہمیں اس سے ہر وقت خبردار رہنا چاہیئے۔

(سورۃ الاعراف، آیات:۱۷،۲۲،۲۷)

۵۔ شیطان کی پیروی کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ شیطان کے ساتھ ہی آگ میں ڈالیں گے۔(سورۃ الاعراف، آیت:۱۸)

۶۔ شیطان انسان کو گمراہ کرنے کے لئے اس کے دل میں مختلف وسوسے ڈالتا رہتا ہے اور جھوٹی قسمیں کھاتا ہے۔

(سورۃ الاعراف، آیات:۲۰،۲۱)

# سورت کے مضمون کی مناسبت سے احادیث مبارکہ کا بیان

## سُوۡرَۃُ قُرَیۡش

سورۃ قریش ١٠٦، کل آیات: ۴، کل رکوع: ١


**شانِ نزول اور تعارف:** یہ سورت قریشِ مکہ اور ان پر اللہ ﷻ کے احسانات کے بارے میں نازل ہوئی۔ قریش نبی کریم ﷺ کے قبیلہ کا نام ہے۔ قریش کے لوگ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تھے۔ اس تعلق اور بیت اللہ کے انتظامات سنبھالنے کی وجہ سے انہیں پورے عرب میں عزت اور امن حاصل تھا۔ ان کے تجارتی قافلے لُوٹ مار سے محفوظ رہتے تھے۔ اللہ ﷻ نے ایک بہت بڑے علاقہ کی تجارتی سرگرمیاں ان کے ہاتھ میں دے رکھی تھیں۔ یہ سردی کے موسم میں یمن کی طرف جاتے تھے جو کہ ایک گرم علاقہ ہے اور گرمی کے موسم

### فرمانِ نبوی ﷺ

"اللہ ﷻ نے تمام اولادِ اسماعیل علیہ السلام میں سے کنانہ کو اور کنانہ میں سے قریش کو اور قریش میں سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے مجھے منتخب فرمایا ہے۔" (صحیح مسلم)

# کیا آپ جانتے ہیں؟



# عملی بات

## سُوۡرَۃُ النَّاس

سورۃ الناس ۱۱۴، کل آیات: ۶، کل رکوع: ۱

### عملی بات

ان سورتوں کی برکتوں سے فیض اور شفاء حاصل کرنے، نظر اور جادو ٹونوں سے بچنے کے لئے ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مسنون طریقہ کو اختیار کرنا چاہیئے۔ "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بستر پر تشریف لے جاتے تو اپنے دونوں ہاتھوں میں قُلْ ھُوَ اللہ اَحَد اور مُعَوِّذَتَیْن پڑھ کر پھونکتے پھر ان کو اپنے چہرے اور جسم پر جہاں تک ہاتھ پہنچ جاتا پھیر لیتے۔" (صحیح بخاری)

# معلوم کیجیے

## سُوْرَۃُ قُرَیْش

### معلوم کیجیے

قریش کو سفر سے الفت دلانے، کھانا کھلانے اور امن دیئے جانے کا خصوصی ذکر کرنے کی وضاحت اپنے اساتذہ کرام سے معلوم کریں۔

# سوچیے!!!

## سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰت

سوچیے!!!

آپ نے گھر والوں سے ایک تحفہ کی فرمائش کی اور وہ تحفہ آپ کو مل گیا۔ اب اگر وہ تحفہ آپ کے بہت ہی قریبی دوست نے آپ سے مانگ لیا تو ایسی صورت میں آپ کیا کریں گے؟

# نقشوں کا استعمال



# سمجھیں اور حل کریں

## مختلف طرز پر دلچسپ مشقیں:

**۱** خالی جگہیں پُر کریں:

(۱) حضرت آدم علیہ السلام پہلے ______ اور ______ تھے۔

(۲) ابلیس کا معنی ______ ہے اور اس کا اصل نام ______ ہے۔

(۳) اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو ______ سے بنایا ہے اور ان کو ______ لقب دیا گیا۔

(۴) شیطان نے اللہ تعالیٰ سے ______ کے دن تک کی ______ مانگی۔

(۵) اللہ تعالیٰ نے ______ اور ______ کو پیدا فرمانے کے بعد جنت میں رکھا۔

**۲** نیچے دیئے گئے جملوں کے ساتھ بنے ہوئے خانوں میں قصے کی ترتیب کے لحاظ سے نمبر ڈالیے:

- اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور حوّا علیہما السلام کو معاف فرما کر زمین پر بھیج دیا۔
- اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوّا علیہا السلام دونوں کو جنت میں رکھا۔

# گھریلو سرگرمی

## مختلف طرز پر دلچسپ سرگرمیاں:




### گھریلو سرگرمی

- حضرت نوح علیہ السلام کا واقعہ اپنے بہن بھائیوں کو سنا کر حاصل ہونے والے سبق پر بات چیت کیجیے۔
- طوفان میں گھری ہوئی ایک کشتی کا خاکہ بنائیں اور اس کے بارے میں کم از کم پانچ جملے تحریر کیجیے۔
- قرآنِ حکیم میں بہت سے جانوروں کے نام آئے ہیں کوئی سے پانچ جانوروں کے نام تلاش کر کے ان کے جوڑے تحریر کیجیے۔

# تربیتِ اساتذہ کے لئے معاون تدریسی مواد

- حصہ وار رہنمائے اساتذہ
- تدریسی ہدایات (ویڈیو اور تحریری صورت میں)
- عمومی پوچھے جانے والے سوالات (FAQs)
- مجوزہ ماڈل پیپرز
- تدریسی طریقہ کار کے لئے ڈیمو کلاس کی ویڈیو
- تربیتی ورکشاپ (Training Workshop)




# رہنمائے اساتذہ

# کی

# نمایاں خصوصیات

# اسباق کی منصوبہ بندی

## سُوْرَةُ الْفَاتِحَة

### طریقۂ تدریس:

سبق نمبر ۱: اس سورت کا شان نزول، تعارف، قرآنی متن اور ترجمہ درسی کتاب سے پڑھائیں۔

سبق نمبر ۲: (i) "علم و عمل کی باتیں" وضاحت کے ساتھ طلبہ کو سمجھائیں اور مذاکرہ کے ذریعے ان کو ذہن نشین کرائیں۔

(ii) "ہم نے کیا سمجھا؟" طلبہ کو گھر کے کام (Home Work) کے طور پر دیں تاکہ اُن کی قرآن فہمی کا اندازہ ہو اور بعد میں کمرۂ جماعت (Class) میں خود حل کرائیں۔ (تشریحی نکات کے بعد دیئے گئے "مشقوں کے جوابات" سے استفادہ کیا جا سکتا ہے)

(iii) "گھریلو سرگرمی" کرانے کے لئے طلبہ کے گھر والوں کو پابند کیا جائے۔ (کمرۂ جماعت میں مزید سرگرمیاں کرانے کے لئے "مشقوں کے جوابات" کے بعد دی گئی "عملی سرگرمی" سے بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے)

# مقاصدِ مطالعہ

**مقاصدِ مطالعہ:** اس سورت کے اختتام پر طلبہ میں یہ استعداد ہو کہ وہ جانتے ہوں:

۱۔ فاتحہ کا کیا مطلب ہے؟ ۲۔ اس کی کیا اہمیت ہے؟ ۳۔ سورۃ الفاتحہ کے اور کیا کیا نام ہیں؟ ۴۔ صراطِ مستقیم کیا ہے؟

۵۔ مزید یہ کہ بچوں میں مندرجہ ذیل باتوں کا جذبہ پیدا ہو:

i۔ اللہ ﷻ کی نعمتوں پر شکر کا۔ ii۔ آخرت کی جواب دہی کے احساس کا۔ iii۔ اللہ ﷻ کی رحمت سے پُر امید رہنے کا۔

iv۔ ہر ضرورت میں اللہ ﷻ کو پکارنے کا۔ v۔ ہدایت کی فکر اور صراط مستقیم پر چلنے کا۔

۶۔ بچوں کو صحیح تصور معلوم ہو جائے:

i۔ حمد ii۔ رب iii۔ عبادت iv۔ ہدایت

# ربطِ سورت

## سُوْرَةُ الْمَاعُوْن

**ربطِ سورت:** سورۂ قریش میں قریش کو اللہﷻ کی عبادت کی تلقین کی گئی تھی۔ سورۃ الماعون میں بتایا گیا ہے کہ آخرت پر ایمان نہ ہو تو لوگ ناشکری، کفر و شرک اور دوسرے گناہوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

## سُوْرَةُ اللَّهَب

**ربطِ سورت:** نبی کریم ﷺ کو سورۃ النّصر میں ہر قسم کی کامیابی اور دین کے غالب ہونے کی خوشخبری دی گئی ہے اور اس سورت میں اللہﷻ، دین اسلام اور آپ ﷺ کے دشمنوں کے انجام کا ذکر ہے۔

# آیت بہ آیت سوالاً جواباً تشریحی نکات

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ابلیس انسان کا دشمن ہے۔ چنانچہ اس نے عزم کیا کہ وہ ہر ممکن طریقے سے انسان کو بہکانے کی کوشش کرے گا اور ہر حربہ استعمال کرے گا تاکہ انسان کو اللہ ﷻ کے راستہ سے ہٹا دے۔ | ا۔ابلیس نے کہا کہ میں آؤں گا اُن کے پاس اُن کے سامنے، پیچھے، دائیں اور بائیں سے، اِس سے کیا مُراد ہے؟ | 17 |

| | | |
|---|---|---|
| ا۔وہ نابالغ بچے جن کے والد کا انتقال ہو جائے۔<br>۲۔ یتیم کو دھکے دینے کے مفہوم میں اس کا مال کھانا، اس کا حق مارنا، اس کو جھٹکنا، اس کی تحقیر و تذلیل کرنا اور اس کو دھکے دے کر اپنے دروازے سے ہٹا دینا، سب شامل ہے۔ مراد یہ ہے کہ یتیموں کے حقوق کا خیال نہ رکھنا۔ | ا۔ یتیم کسے کہتے ہیں؟<br>۲۔ یتیم کو دھکے دینے سے کیا مراد ہے؟ | 2 |

# شانِ نزول

**شانِ نزول:** یہ آیت نبی کریم ﷺ پر بحالت سفر نازل ہوئی تو آپ نے بلند آواز سے اس کی تلاوت شروع فرمائی۔ رفقاء سفر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آنحضرت ﷺ کی آواز سن کر جمع ہوگئے۔ آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خطاب کر کے زلزلۂ قیامت کے بارے میں اور جہنم کے حوالے سے تفصیلی ذکر فرمایا۔

**شانِ نزول:** کفار مکہ اصحاب رسول اللہ ﷺ کو روز مرہ ہاتھ اور زبان سے شدید ایذائیں دیتے اور تکالیف پہنچاتے رہتے تھے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کفار کے مظالم کی حضور ﷺ کے دربار میں فریادیں کرتے، حضور ﷺ یہ فرمادیا کرتے کہ صبر کرو مجھے ابھی جہاد کا حکم نہیں دیا گیا ہے جب حضور ﷺ نے مدینہ طیبہ کو ہجرت فرمائی تب یہ آیت نازل ہوئی اور یہ وہ پہلی آیت ہے جس میں کفار کے ساتھ جنگ کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

# عملی پہلو

**عملی پہلو:** اصحاب الفیل کی چال کو ناکام بنانے میں بتوں یا دیوی دیوتاؤں کا کوئی دخل نہیں تھا بلکہ یہ صرف اللہ ﷻ کا کرشمہ قدرت تھا جو ان پر عذاب کی صورت میں ظاہر ہوا۔ قریش نے بھی عبد المطلب کے ساتھ خانہ کعبہ کے دروازہ پر جو دعا مانگی تھی وہ اللہ ﷻ ہی سے مانگی تھی نہ کہ بتوں سے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ توحید بر حق ہے جس کی دعوت نبی کریم ﷺ دے رہے ہیں اور بت پرستی بالکل باطل ہے جس میں مشرکین مکہ مبتلا ہیں۔

# قرآن و حدیث کے حوالہ جات (تفسیر بالقرآن والحدیث)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | ا۔ یتیم کسے کہتے ہیں؟<br>۲۔ یتیم کو دھکے دینے سے کیا مراد ہے؟ | | ا۔ وہ نابالغ بچے جن کے والد کا انتقال ہو جائے۔<br>۲۔ یتیم کو دھکے دینے کے مفہوم میں اس کا مال کھانا، اس کا حق مارنا، اس کو جھٹکنا، اس کی تحقیر و تذلیل کرنا اور اس کو دھکے دے کر اپنے دروازے سے ہٹا دینا، سب شامل ہے۔ مراد یہ ہے کہ یتیموں کے حقوق کا خیال نہ رکھنا۔<br>**نوٹ:** "رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے۔ آپ ﷺ نے شہادت اور درمیانی انگلی سے اشارہ فرمایا اور ان کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ رکھا۔" (بخاری)<br>**نوٹ:** حدیث مبارکہ ہے کہ "مسلمانوں کے گھروں میں سے بہترین گھر وہ ہے جس میں کسی یتیم کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جاتا ہے"۔ (ابن ماجہ) |

# تاریخی بات

**نوٹ:** مکہ مکرمہ چٹیل یعنی ویران اور صحرائی میدان تھا۔ زندگی گزارنے کے لیے قریش مکہ کے پاس ذرائع معاش عام طور پر نہیں پائے جاتے تھے۔ تجارتی سفر کے لیے یہ لوگ ملک شام اور یمن جایا کرتے تھے۔

**نوٹ:** قوم لوط علیہ السلام پر جس علاقے میں عذاب نازل ہوا اسے بحر مردار (Dead Sea) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ دنیا کے موجودہ جغرافیے میں یہ بحر مُردار اسرائیل اور اُردن کی سرحد پر واقع ہے۔ یہ ایک بہت بڑی جھیل ہے۔ اس کی نمکیات اور کیمیائی اجزاء عام سمندروں سے کہیں زیادہ ہے۔ اس کے قریب ترین سمندر بحیرہ روم ہے جدید محققین نے اسی جگہ پر لوط علیہ السلام کی قوم کی بستیوں کی نشاندہی کی ہے۔ اس کے کنارے نہ کوئی درخت ہے اور نہ ہی اس میں کوئی جانور زندہ رہ سکتا ہے۔ اہل عرب اسکو بحیرہ لوط (علیہ السلام) بھی کہتے ہیں۔

# سائنسی حقائق

**نوٹ:** میٹھے پانی کی اہمیت:

اگر خلاء سے زمین کی لی گئی تصاویر ہم دیکھیں تو یہ پتہ چلتا ہے کہ ہمارے زمین پر خشکی سے زیادہ پانی موجود ہے یہ ہماری زمین کے تقریباً 70 فیصد حصے پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ بات حیرت انگیز اور سمجھ سے بالاتر ہے کہ زمین پر موجود پانی کا ۳ فیصد سے بھی کم میٹھا پانی ہے۔

US. Geological Survey کے مطابق 3 فیصد کے زیادہ تر حصہ تک رسائی ممکن نہیں۔ اس میٹھے پانی کا 68 فیصد سے بھی اوپر برف کی تہہ (Icecaps) اور گلیشیئرز (Glaciers) پر مشتمل ہے اور 30 فیصد سے اوپر زیر زمین پانی پر مشتمل ہے۔ صرف میٹھے پانی 0.3 فیصد حصہ جھیلوں دریاؤں اور دلدل پر مشتمل ہے۔ زمین پر مشتمل تمام پانی کا 99 فیصد حصہ انسانوں اور دوسرے جانداروں کے لئے ناقابل استعمال ہے۔ یہ بات حیران کن ہے کہ پانی جس پر تمام انسانوں اور خصوصاً آب جانداروں کی زندگی منحصر ہے وہ حقیقت میں بہت قلیل ہے۔ اس ہلا دینے والی حقیقت کو جاننے کہ بعد ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہمیں پانی کا استعمال احتیاط سے کرنا چاہیئے۔ اس کے لئے پہلا قدم ہماری اپنی تربیت اور آنے والی نسلوں کی تربیت ہے۔

URL: http://education.nationalgeographic.com/education/ media/ earths-fresh-water/?ar_a=1

# عملی سرگرمی

## سورۃ الماعون کی مزید سرگرمیاں:

- ✓ ایک دن کھانے پینے کی اشیاء کا سب بچوں میں باہمی تبادلہ (Sharing) کرنے کا عملی مظاہرہ کرائیں۔
- ✓ بچوں کے ایک دوسرے کی مدد کرنے کے مختلف طریقے سکھائیں۔ مثلاً جیب خرچ سے، ہوم ورک کرانے میں، پڑھائی اور سفر وغیرہ میں۔

# مشقوں کے جوابات

## سمجھیں اور حل کریں

سوال ۱ : خالی جگہ پُر کریں:

(۱) آخرت کے انکار کی وجہ سے انسان کے [ ] میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔(کردار)

(۲) آخرت پر ایمان انسان کو [ ] پر آمادہ کرتا ہے۔(نیکی)

(۳) نمازوں سے غافل رہنے والوں کے لئے [ ] ہے۔(ہلاکت)

(۴) ہمیں اللہ ﷻ کی دی ہوئی [ ] میں دوسروں کو بھی شریک کرنا چاہیئے۔(نعمتوں)

(۵) دکھاوا کرنے سے نیکی [ ] ہو جاتی ہے۔(ضائع)

سوال ۲ : درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیئے:

۱۔ اس سورت میں کن لوگوں کا بُرا کردار بیان کیا گیا ہے؟

اس سورت میں آخرت کا انکار کرنے والوں کا بُرا کردار بیان کیا گیا ہے۔

# Online Courses of Mutalae Qur'an

**Online Courses based on Muatale Qur'an-e-Hakeem Part-1 (3 Batches) , Part-2 (2 Batches) & Part-3 (1 Batch) were offered via Google Classroom.**

# Learning Management System (LMS)


**Alhamdulillah , LMS for Mutalae Qur’an Online courses has been developed and launched form 1st of Ramadan 2021. 1,800+ users have been registered from different countries. More than 8,000 people visited LMS. LMS Android App has been launched as well with 900+ downloads.**

# Learning Management System (LMS)



# Statistics (Updated June 30, 2021)

308,396
Students
2,672
Schools




293,144
Students
1,319
Schools

Individual Schools

Chains of Schools

Govt. Schools

1,637,938
Students
6,521
Schools

Total

2,239,478
Students
10,512
Schools

# Govt. and Non Govt. Prominent Educational Institutions

| | | |
|---|---|---|
| دی سٹیزن فاؤنڈیشن (TCF) | پاکستان فضائیہ | پاکستان نیوی اور بحریہ فاؤنڈیشن |
| سبق ایجوکیشنل نیٹ ورک | دارِ ارقم اسکولز | الھدیٰ شعور اسکولز |
| آرمی پبلک اسکول لائبریریز | دی ایجوکیٹرز | گرین کریسنٹ ٹرسٹ |
| ائیر فاؤنڈیشن اسکول سسٹم | ایس پی ایس اسکولز | پروگریسو ایجوکیشنل نیٹ ورک |
| اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن | دی رائیٹ اسکولز | بیٹھک اسکول نیٹ ورک |

# Implementation of Mutalae Qur'an in Govt. Schools from Grade 6 to 12

## KPK Textbook Board &
## Federal Directorate of Education

- The ILM Foundation provided "362,589" books with "11,000" Teachers' Guides for class 6 in 2017.
- KP Textbook Board has printed around 4.5 million books from 2018 to date.
- The ILM Foundation provided "180,959" books to 220 schools of Federal Govt. from 2017 to 2019.

# Implementation of Mutalae Qur'an in Bahawalpur Govt. Schools from Grade 6 to 12

- **The ILM Foundation provided "282,966" books to 500 schools of Bahawalpur from 2017 to 2020.**

# Monitoring & Evaluation (M&E)

- Follow-up Calls
- School Visits
- Feedback Forms
- Course Coverage Forms
- Quiz Programs
- Examinations

# Honours

By the Grace of Allah ﷻ, *Ulema* of all schools of thoughts, Educationists and renowned educational institutions have appreciated the course.

Council of Islamic Ideology & Ministry of Federal Education both have appreciated this course.

اتحاد تنظیماتِ مدارس پاکستان کی کمیٹی کے جملہ اراکین بھی درج بالا تفصیلات سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے دی علم فاؤنڈیشن کے تیار کردہ نصاب "مطالعہ قرآنِ حکیم برائے طلباء وطالبات" کی مکمل تائید، توثیق اور تصدیق کرتے ہوئے تمام اسکولوں میں ایک لازمی مضمون کی حیثیت سے تدریس کے لئے سفارش کرتے ہیں۔

**اتحادِ تنظیماتِ مدارس پاکستان کی کمیٹی کے معزز نمائندگان:**

۱۔ علامہ ارشد سعید کاظمی — دستخط ---------- مہر ----------

(سینئر نائب صدر تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان، جامعہ اسلامیہ انوار العلوم ملتان)

۲۔ مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل — دستخط ---------- مہر ----------

(نمائندہ وفاق المدارس عربیہ پاکستان، جامعہ صدیقیہ کراچی)

۳۔ مولانا نجیب اللہ طارق — دستخط ---------- مہر ----------

(نمائندہ وفاق المدارس السلفیہ پاکستان، جامعہ سلفیہ فیصل آباد)

۴۔ علامہ شیخ محمد شفا نجفی — دستخط ---------- مہر ----------

(نمائندہ وفاق المدارس شیعہ پاکستان، جامعہ امام جعفر صادق اسلام آباد)

۵۔ مولانا ڈاکٹر عطاء الرحمان — دستخط ---------- مہر ----------

(ناظم اعلیٰ رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان، جامعہ اسلامیہ تفہیم القرآن مردان)

MULANA GHULAM MUHAMMAD SIALVI
Chairman Punjab Quran Board
Govt. of the Punjab

۶۔ مولانا غلام محمد سیالوی — دستخط ---------- مہر ----------

(چیئرمین قرآن بورڈ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف قرآن اینڈ سیرت اسٹڈیز۔لاہور)

**نمائندۂ وفاقی وزارتِ تعلیم حکومتِ پاکستان:**

DR. DAWOOD SHAH
Director General
Academy of Education Planning and Management
Ministry of Federal Education and Professional Training
Islamabad

ڈاکٹر داؤد شاہ — دستخط ---------- مہر ----------

(ڈائریکٹر جنرل۔ اکیڈمی آف ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ مینجمنٹ وفاقی وزارتِ تعلیم اسلام آباد)

**نمائندۂ دی علم فاؤنڈیشن کراچی:**

Shujauddin Shaikh
Programs Director
The ILM Foundation

28/01/2020

شجاع الدین شیخ — دستخط ---------- مہر ----------

(ڈائریکٹر پروگرامز ۔ دی علم فاؤنڈیشن کراچی پاکستان)

# NOC from DCTE KPK Abbottabad

**DIRECTORATE OF CURRICULUM AND TEACHER EDUCATION**
**KHYBER PAKHTUNKHWA ABBOTTABAD**
**Phone # 0992-382634 | Fax # 0992-381527 | Email: director.dcte@kpese.gov.pk**

No. 4154-56/S-04/Isl Dated: 13.07.2021

To

M/S Ilm Foundation,
Karachi.

Subject: **APPROVAL FOR THE MANUSCRIPT OF MUTALA-E-QURAN HAKEEN FOR GRADES VI-X DEVELOPED / SUBMITTED BY ILM FOUNDATION KARACHI**

I am directed to refer to the subject cited above, and to convey that in exercise of powers conferred upon him under the Khyber Pakhtunkhwa Supervision of Curricula, Textbooks and Maintenance of Standard of Education Act 2011, and consequent upon the recommendations of the review committee notified vide this Directorate letter No. 3324 dated 11.06.2021, the Directorate of Curriculum and Teacher Education Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad being the Competent Authority is pleased to approve printing/publishing of the updated manuscript of Mutala-e-Quran Hakeen for Grades VI-X, developed/submitted by Ilm Foundation Karachi with the following terms and conditions:

i. The Ilm Foundation Karachi shall ensure that all the recommendations of the review committee are fully incorporated in the pre-press copy of the manuscript before printing.

ii. The Ilm Foundation Karachi shall also ensure that there is no infringement of copyrights and take due care that no copyright laws are violated.

iii. The editing of the manuscript especially its formal and lexical aspects including spelling, grammar, punctuation and illustrations etc. is the responsibility of the Ilm Foundation Karachi and the whole manuscript should be thoroughly and carefully checked/proof read before printing.

iv. The Competent Authority has the right of revision at any time in the light of feedback received from Teachers, Subject experts, Community and other Stake holders.

Five (05) Copies of the printed book should be provided to this Directorate for reference and record.
With regards.

**Your Sincerely**

**SUBJECT SPECIALIST**

**Copy for information to the:**

1. Secretary, E&SE Department Government of Khyber Pakhtunkhwa Peshawar
2. Managing Director, Private School Regulatory Authority, University Town Peshawar
3. P.S to Director, Local Directorate

-Sd-
**SUBJECT SPECIALIST**

# Notification from Ministry of Federal Education

**TO BE PUBLISHED IN THE GAZETTE OF PAKISTAN PART-II**

Government of Pakistan
National Curriculum Council Secretariat
Ministry of Federal Education and Professional Training

*******

Islamabad the May 6, 2021

**NOTIFICATION**

**F.No.8-10/2019-NCC:** In pursuance of Compulsory Teaching of Holy Quran (ToHQ) Act 2017 and in continuation of the letter No. 1-1/2017(NCC) dated 19th February 2019, The ILM Foundation, Karachi is allowed printing and publishing of Quranic syllabus titled "*Mutalae Quran-e-Hakeem*" consisting complete translation of the Holy Quran with introduction, summary, important topics, points to remember of 114 Surahs & stories developed with complete consensus by all the members of Teaching of Holy Quran Committee notified by Ministry of Federal Education and Professional Training, Islamabad vide notification No.3(8)/2015/E-III dated 20th April 2017.

2. The consensus translation of The Holy Quran is to be taught to all the Muslim students in all educational institutions in the Islamabad Capital Territory and in all the public sector educational institutions owned and controlled by the Federal Government wherever they may be.

3. This issues with the approval of Joint Educational Adviser/ Head of NCC Secretariat, Convener of ToHQ Committee.

**(Saad Ahmed Mir)**
Admin Officer
Ph# 051-9265572

**The Manager,**
Printing Corporation of Pakistan Press,
University Road,
Karachi.

Copy to: -

1. All members
2. The ILM Foundation, Karachi
3. APS to Joint Educational Advisor, NCC Secretariat

# Mufti Taqi Usmani Sahib

**MUFTI MUHAMMAD TAQI USMANI**
Chairman Shariah Council, AAOIFI, Bahrain
Member International Islamic Fiqh Academy, Jeddah
Vice President Jamia Darul-Uloom Karachi - Pakistan

**المفتي محمد تقي العثماني**
رئيس المجلس الشرعي البحرين
وعضو مجمع الفقه الإسلامي الدولي
ونائب رئيس جامعة دار العلوم كراتشي - باكستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على سيّد المرسلين وعلى آله وآصحابه أجمعين وعلى كل من تبعهم بإحسان إلى يوم الدين،

أما بعد،

بندے کو "مطالعۂ قرآن حکیم" کے نام سے پانچ اجزاء پر مشتمل ایک کتاب برائے ملاحظہ دی گئی۔ اس کتاب کا مقصد اسکول کے بچوں اور بچیوں کو قرآن کریم سے مناسبت پیدا کرنا اور اس کی بنیادی تعلیمات اور واقعات آسان زبان اور اسلوب میں پیش کرنا ہے، بندہ پوری کتاب کا مطالعہ تو نہیں کر سکا، لیکن کتاب کی ورق گردانی سے اندازہ ہوا کہ بحیثیت مجموعی یہ کتاب اس مقصد میں کامیاب ہے، اور بچوں کی ذہنی سطح کو سامنے رکھتے ہوئے انہیں مفید معلومات آسانی کے ساتھ فراہم کرتی ہے۔ بہت سی چیزوں کی وضاحت کیلئے تصاویر بھی شامل کی گئی ہیں، لیکن اس میں اس بات کی رعایت کرنی چاہئے کہ جانداروں کی تصویر بنانا اور رکھنا شرعاً درست نہیں، اس لئے اس سے احتراز کرنا چاہیے۔

کتاب کے ساتھ "رہنمائے اساتذہ" کے عنوان سے تین جلدیں بھی موجود ہیں جن میں اساتذۂ کرام کو رہنمائی فراہم کی گئی ہے کہ وہ یہ کتاب کس طرح پڑھائیں۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو بچوں کیلئے نافع بنائے۔

بندہ محمد تقی عثمانی

**Jamia Darul-Uloom Karachi**
Korangi Industrial Area,
Karachi - Pakistan, Post Code : 75180
